سوال

(557)بینک میں نوکری کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(1)میں یونائیٹڈبینک میں منیجر ہوں کیا میری نوکری شرعاً جائز ہے اور خاندان کی کفالت بھی میرے ذمہ ہے ؟ (2)آیا آج کل بلاسودی شراکتی کھاتہ کی بینکاری جائز ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

(1)آپ کی نوکری بالکل ناجائزاورحرام ہے اس کوآپ پہلی فرصت میں چھوڑدیں اور کوئی حلال کاروباراختیارفرمائیں اللہ پرتوکل کریں یقینا وہ آپ کی مددفرمائے گاان شاء اللہ تعالیٰ کیونکہ آپ نے محض اسی کی رضا کےلیے اس ملازمت کوچھوڑنا ہے ۔

(2)بلاسودبینکاری کی کوئی صورت آپ لکھ بھیجیں ان شاء اللہ تعالیٰ کتاب وسنت کی روشنی میں اس کا حکم واضح کیا جائے گا ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

خریدوفروخت کے مسائل ج1ص389

محدث فتویٰ